

کیا توقع رکھنی چاہیے؟

میری پناہ کی درخواست

فیصلے کے انتظار کے دوران، اجازت کے بغیر کسی دوسرے ملک **نہ جائیں**۔

- اگر آپ اپنے ملک اس وجہ سے واپس نہیں جا سکتے کیونکہ وہ آپ کے لیے محفوظ نہیں ہے، **تو آپ یہاں پناہ کی درخواست دے سکتے ہیں**۔
- پناہ کو **بین الاقوامی تحفظ** بھی کہا جاتا ہے۔
- اکیلا آنے والا **بچہ (18 سال سے کم عمر)** ایک ایسے شخص کے سپرد کیا جاتا ہے جسے **سرپرست** کہا جاتا ہے، جو اُس کی مدد اور رہنمائی کرتا ہے۔
- تمام معلومات کا جائزہ لینے کے بعد، حکام فیصلہ کریں گے کہ **آیا آپ کو پناہ کی ضرورت ہے یا نہیں**۔

رجسٹریشن

حکام آپ کی **ایپلی کیشن رجسٹر کریں گے**، آپ کی تصویر اور انگلیوں کے نشانات (اگر آپ کی عمر 6 سال سے زیادہ ہے) لیں گے اور آپ کے دستاویزات کی جانچ کریں گے۔

آپ کو ایک **دستاویز** دی جائے گی جس میں لکھا ہوگا کہ **آپ نے پناہ کے لئے اپلائی کیا ہے**۔ اسے محفوظ رکھیں۔

رجسٹریشن کے بعد آپ کو ایک دعوت نامہ دیا جائے گا جس میں انٹرویو کی **تاریخ، وقت اور مقام** درج ہوں گے۔

اپنے انٹرویو کے انتظار میں

آپ ایک **محفوظ** جگہ پر رہیں گے۔ انتظار کے دوران خود کو **مصروف رکھنے کی کوشش کریں**۔

مقامی زبان سیکھیں، نئے دوست بنائیں، کھیلوں میں حصہ لیں، اور صحت مند رہیں۔

قانونی مشیر یا اپنے سرپرست سے **انٹرویو کی تیاری** میں مدد لیں۔

اپنا پناہ کا انٹرویو ہرگز نہ چھوڑیں! اگر آپ بیمار ہوں، تو حکام کو اطلاع دیں۔

آپ کا پناہ کا انٹرویو

آپ سے اپنا ملک چھوڑنے کی وجوہات، آپ کے خاندان، آپ کے ملک میں آپ کی زندگی، اور آپ کے سفر کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

اپنی کہانی کے ثبوت کے طور پر **دستاویزات** (شناختی کارڈ، تصاویر، رپورٹس) **ساتھ لائیں**۔

فیصلہ

چند ماہ بعد، آپ کو فیصلہ موصول ہوگا۔

اگر فیصلہ **مثبت** ہو، تو آپ اس ملک میں رہ سکتے ہیں اور زیادہ مستقل رہائش میں منتقل ہو سکتے ہیں۔

اگر فیصلہ **منفی** ہو، تو آپ کو محفوظ واپسی کے اختیارات سے آگاہ کیا جائے گا۔ اگر آپ فیصلے سے متفق نہیں ہیں، تو آپ اسے باضابطہ طور پر چیلنج کر سکتے ہیں۔ اسے **اپیل** کہا جاتا ہے۔

یاد رکھیں

- آپ واپسی کے بارے میں مشورہ لینے یا منفی فیصلے کے خلاف اپیل کے طریقۂ کار پر وکیل سے مشورہ کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ زبان نہیں بولتے، تو انٹرپریٹر کی درخواست کریں۔
- اگر آپ افسر کے پوچھے گئے سوالات کے جواب نہیں دے سکتے، تو آپ یہ بات بتا سکتے ہیں۔
- تمام افسران کو آپ کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آنا چاہیے۔
- افسران کے ساتھ تعاون کریں۔ اگر اُن کی کوئی بات واضح نہ ہو، تو ان سے کہیں کہ وہ اس کی وضاحت کریں۔

Urdu

euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025